تصنیفات اور علمی کاوشیں بھی بکثرت پائی جاتی ہیں، جن میں مجموعة الرسائل لابن عابدین کافی شہرت رکھتے ہیں، جس میں مصنف علام نے مختلف علمی، فقہی، مسائل اور موضوعات پر چھوٹے چھوٹے رسائل لکھ کر جمع کئے۔ تاہم طباعت کے حوالے سے یہ رسائل ایسے شائع ہو کر چھپتے ہیں کہ قاری کو اس کے مطالعے کے دوران بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔اس کی اعلیٰ طباعت پر کسی نے خاص توجہ نہیں دی، اگر چہ عالم عرب میں الشیخ محمد عبدالرحمن الشاغول نے اسی مجموعہ پر تحقیقی کام کیا جسے مکتبہ الازھریہ القاھرہ مصر نے دو ضخیم جلدوں میں شائع بھی کیا، اور اب یہاں پاکستان میں بھی ان رسائل پر تحقیقی کام کا آغاز ہوا۔

زیر تبصرہ کتاب تنبیہ الولاۃ والحکام علی احکام شاتم خیر الانام علامہ ابن عابدین کے ان رسائل میں سے ایک رسالہ کا نام ہے، جو شاتم الرسولؐ کے حوالہ سے تمام فقہی شرعی احکام کو اپنے اندر سمیٹے ہوئے ہے۔ اس قیمتی رسالہ پر نوجوان محقق حضرت مولانا مفتی ثناء اللہ صاحب نے کافی محنت کر کے پوری لگن اور دل لگی کے ساتھ نہایت ہی نفیس، اعلیٰ اور خوبصورت کاوش تیار کی۔ محقق کا مقدمہ اور مولانا سجاد الحجابی کا پیش لفظ بیش بہا معلومات کا خزینہ ہے، مفتی ثناء اللہ اس سے قبل بھی علامہ ابن عابدین کے رسالے نشر العرف پر کام کر چکے ہیں، اور اس کتاب کی تحقیق و تخریج کے ہر پہلو اور ہر گوشے کا خیال رکھتے ہوئے اُسے مرتب کیا اور شائع کرنے کی سعادت بھی حاصل کی، یقیناً محقق کتاب مفتی ثناء اللہ قابل داد اور لائق صد تحسین ہیں، اللہ تعالیٰ مزید علمی خدمات کی توفیق عطا فرمائے۔ (مبصر: مولانا اسلام حقانی)

● **جمال محمدیؐ درس بخاری کے آئینے میں** تالیف: شیخ الحدیث حضرت مولانا یوسف متالا

ضخامت: ۱۲۰۰ صفحات (۳ جلدیں) ناشر: ازہرا کیڈمی لندن برطانیہ

شیخ الحدیث حضرت مولانا یوسف متالا، ایک معروف علمی اور روحانی شخصیت کے طور پر پہچانے جاتے ہیں، زیر تبصرہ کتاب ان کے ارشادات کا وہ مجموعہ ہے، جو انہوں نے مختلف مقامات اور مختلف مجالس میں سیرت النبیؐ اور جمال محمدیؐ کے موضوع پر درس، تقریر اور وعظ کی صورت میں، بیان کئے، تاہم ان پر تاثیر ارشادات کے ذریعے انہوں نے نبی کریمؐ کی جمالیت پر روشنی ڈالی ہے اور نبی کریمؐ کے مکمل حیات اور زندگی کے ہر گوشے کو ایسے سہل انداز میں پیش کیا ہے کہ قاری کتاب کو شروع کرے تو اسے اکتاہٹ محسوس نہیں ہوگی، یہ اکثر بیانات اور تقریریں درس بخاری یا دیگر کتب احادیث کے افتتاحی یا اختتامی تقاریب میں کی گئی ہیں اور نام بھی "جمال محمدیؐ درس بخاری کے آئینے میں" رکھ دیا گیا ہے۔ جمال محمدی پر پورا ذخیرہ احادیث، اقوال صحابہ اور آثار علماء کے ذریعے روشنی ڈالی گئی ہے، اسکے علاوہ بھی یہ تینوں